183

Maulana Azad National Urdu University

B.A : (BAIS201CCT) II Semester Examination - May - 2018

Paper : Abbasid, Fatimid & Mamlik Period

پرچہ : عباسی، فاطمی اور مملوک دور

Time : 3 hrs — Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) عباسی حکومت کا بانی کون ہے؟

(a) ہارون الرشید (b) مامون الرشید (c) ابوالعباس السفاح (d) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) بغداد شہر کس عباسی حکمراں نے تعمیر کروایا؟

(a) معتصم باللہ (b) ابوجعفر منصور (c) ابوالعباس السفاح (d) مامون الرشید

(iii) جامع ازہر کس حکمراں کے عہد میں تعمیر ہوا؟

(a) الحاکم بامر اللہ (b) عبیداللہ المہدی (c) المعز لدین اللہ (d) المستنصر باللہ

(iv) ان میں سے کون علم کیمیا کا ماہر ہے؟

(a) محمد بن موسیٰ خوارزمی (b) جابر بن حیان (c) ابونصر فارابی (d) ان میں سے کوئی نہیں

(v) برجی مملوک حکومت کا بانی کون ہے؟

(a) ملک منصور قلاؤن (b) شیخ محمودی (c) ملک اشرف برس بائے (d) ملک ظاہر برقوق

(vi) فاطمی حکومت کا بانی کون ہے؟

(a) عبیداللہ المہدی (b) الحاکم بامر اللہ (c) العزیز باللہ (d) المستنصر باللہ

(vii) حکمراں المعز لدین اللہ کا تعلق کس حکومت سے ہے؟

(a) مملوک حکومت (b) عباسی حکومت (c) فاطمی حکومت (d) ان میں سے کوئی نہیں

P.T.O

(viii) کتاب المناظر کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابن الہیثم (b) ابن یونس (c) ابن سینا (d) ابن الجزر

(ix) ان میں سے کون سی کتاب علامہ ابن تیمیہ کی ہے؟

(a) منہاج السنتہ (b) البدایہ والنہایہ (c) زادالمعاد (d) کتاب الخطط

(x) مملوک حکمرانوں کا دارالسلطنت کہاں تھا؟

(a) بغداد (b) قاہرہ (c) فاس (d) دمشق

حصہ دوم

(2) عباسی حکومت کے قیام پر روشنی ڈالئے۔

(3) عباسی حکومت میں ہارون الرشید کے کارناموں پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجئے۔

(4) عباسی عہد کے فن تعمیر پر ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

(5) فاطمی حکومت کے عہد عروج پر گفتگو کیجئے۔

(6) فاطمی عہد کی علمی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(7) بحری مملوک کی حکومت کے قیام پر روشنی ڈالئے۔

(8) برجی مملوک کی حکومت پر ایک تعارفی نوٹ قلمبند کیجئے۔

(9) مملوک حکمراں ملک ظاہر بیبرس اور ملک منصور قلاؤن پر ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

حصہ سوم

(10) عباسی حکومت کے نظم ونسق پر تفصیلی مضمون قلمبند کیجئے۔

(11) عباسی عہد میں علوم کے ارتقاء پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

(12) فاطمی عہد کے فن تعمیر کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

(13) عہد مملوک حکومت کے علوم وفنون پر ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

(14) عباسی حکومت میں ابوجعفر منصور کے کارناموں کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

☆☆☆